Fairfax County Public Schools

Individualized Education Program

# Medicaid/FAMIS Parental Consent
# Frequently Asked Questions

اگر آپ کا بچہ فی الحال یا بعد میں، Medicaid یا FAMIS حاصل کرنے کا اہل قرار دیا جاتا ہے اور انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں، تحریر خدمات کے لیئے، اس کی جانچ کی جا رہی ہے، خدمات مل رہی ہیں یا اس پر غور کیا جا رہا ہے تو ایسی صورت میں، وفاقی حکومت فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) کو، ان خدمات کے اخراجات کی واپس ادائیگی کر سکتی ہے۔ FCPS کے خصوصی تعلیمی پروگرام بہتر بنانے کے لیئے، ہمارے اسکول ڈویژن کو، فنڈ حاصل کرنے کے حوالے سے، آپ کی منظوری درکار ہے۔

**FCPS Medicaid/FAMIS program کون کون سی خدمات کے لیئے، واپس ادائیگی کا مطالبہ کرتا ہے؟**
FCPS، IEP میں، بیان کردہ خدمات کے لیئے، واپس ادائیگی کا تقاضہ کر سکتا ہے، ان خدمات میں: فزیکل تھراپی، پیشہ ورانہ تھراپی، بول چال-زبان، نفسیاتی، سماعتی اور ماہر نرسنگ کی خدمات سمیت IEP ٹیم کی طرف سے، درخواست کی گئی، تشخیصی اور ٹیسٹنگ کی خدمات شامل ہو سکتی ہیں۔

**FCPS Medicaid/FAMIS کو، ان منظورشدہ خدمات کے لیئے، کس طرح سے بل بھیجتا ہے، جو میرے بچے کو، اسکول میں حاصل ہوتی ہیں؟**
سوشل سیکورٹی ایکٹ کے تحت، Medicaid/FAMIS کے اہل طلباء کے لیئے، صحت اور متعلقہ خدمات کی ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ اس کے مطابق IEP میں بیان کردہ اسکول پر مبنی صحت اور متعلقہ خدمات کے لیئے، ریاست وفاقی فنڈ تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔

**FCPS Medicaid/FAMIS کی طرف سے واپس کی گئی رقم، کس طرح استعمال کرتا ہے؟**
FCPS حاصل کردہ فنڈ کو، خصوصی ضروریات کے حامل طلباء کے پرگرام بہتر بنانے میں، استعمال کرتا ہے، جو عملے کے لیئے، مزید ذرائع، آلات اور سامان فراہم کرنے کے ذریعے، کیا جاتا ہے۔

**Medicaid/FAMIS سے، بل کا مطالبہ کرنے کے لیئے، اسکولوں کو، والدین کی منظوری کیوں درکار ہوتی ہے؟**
گھرانے کے تعلیمی حقوق اور رازدری ایکٹ (FERPA) کے تحت FCPS کے لیئے، لازمی ہے کہ وہ معذوری کے حامل طالب علم کے بارے میں، معلومات ظاہر کرنے سے پہلے، والدین کی منظوری حاصل کریں۔ اس میں، Medicaid ایجنسی کو، معلومات فراہم کرنا شامل ہے۔

**میرے بچے کے IEP میں بیان کردہ خدمات کے لیئے، Medicaid/FAMIS کو، بل کرنے کے حوالے سے، FCPS کو، کتنی مرتبہ میری منظوری درکار ہو گی؟**
والدین کی منظوری صرف ایک مرتبہ درکار ہوتی ہے، ماسوائے ایسی صورت میں کہ آپ کا بچہ IEP میں بیان کردہ قابل ضمانت خدمات مزید حاصل نہیں کرتا یا جب تک، آپ منظوری منسوخ نہ کر دیں، FCPS میں داخل رہنے تک، یہ معاہدہ درست قرار دیا جائے گا۔

**اگر منظوری دینے کے بعد، میں اپنا ارادہ تبدیل کر دوں تو ایسی صورت میں، کیا ہو گا؟**
والدین کی رضامندی ایک رضاکارانہ عمل ہے اور کسی بھی وقت منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ منظوری دے دیتے ہیں اور بعد میں منسوخ کر دیتے ہیں تو منسوخی کا اثر پچھلی منظور شدہ خدمات پر نہیں پڑے گا اور آپ کی منظوری کے دوران فراہم کی جانے والی خدمات کے لیئے، Medicaid ایجنسی کو، اب بھی بل بھیجا جائے گا۔ اگر آپ اپنے منظوری کے فیصلے میں، تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی، Medicaid کے دفتر میں، 571-423-4098 پر رابطہ کریں۔

**منظوری نہ دینے کی صورت میں، کیا ہو گا؟**
آپ کے بچے کا تعلیمی پروگرام، اس کے IEP میں بیان کردہ تعلیمی ضروریات کے مطابق بنایا جاتا ہے۔ Medicaid/FAMIS کے معاہدے کی حیثیت کے با وجود، آپ کے فیصلے کا اثر اس کی خدمات پر کسی طور نہیں پڑے گا۔ البتہ، انکار کرنے سے، FCPS پر ان فنڈز کی حصولی کے حوالے سے، اثر پڑسکتا ہے، جو معذوری کے حامل طلباء کی تعلیم بہتر بنانے میں، کام آتے ہیں۔

**اگر میرا بچہ Medicaid/FAMIS کے فوائد سے، محروم ہو جاتا ہے؟**
FCPS صرف اسی صورت میں خدمات کے لیئے، بل کر سکتا ہے کہ اگر بچے کی شناخت Medicaid/FAMIS کے فوائد حاصل کرنے والے، بچے کے طور پر کی گئی ہو۔ Medicaid/FAMIS کے فوائد سے، محروم ہو جانے کی صورت میں، آپ کے بچے کو، ملنے والی سہولیات پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**کیا مجھے کوئی رقم ادا کرنی ہو گی یا میرا کوئی مالی نقصان ہو گا؟**
جی نہیں، معذوری کے حامل طلباء کے لیئے، خصوصی تعلیمی خدمات مفت فراہم کی جاتی ہیں اور والدین/ سرپرست یا بالغ طلباء کو، کوئی ادائیگی نہیں کرنی پڑتی۔معذور افراد کے تعلیمی ایکٹ (IDEA) کے تحت، آپ کا بچہ مفت مناسب سرکاری تعلیم (FAPE) حاصل کرنے کا حقدار ٹھرایا گیا ہے۔ Medicaid/FAMIS کی خدمات کے لیئے، بل بھیجنے کی منظوری دینے کے نتیجے میں، آپ کو کسی مالی نقصان کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

Fairfax County Public Schools

Individualized Education Program

# Medicaid/FAMIS Parental Consent
# Frequently Asked Questions

**اگر FCPS ، Medicaid/FAMIS کو، بل بھیجتا ہے تو کیا میرے بچے کی اسکول سے باہر ملنے والی خدمات پر، کوئی اثر پڑے گا؟**
اسکول سے باہر ملنے والی خدمات پر، کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ کسی بیرونی پیشہ ور فرد سے، ملنے والی Medicaid/FAMIS سروسز کی تصدیق، اسکول کے اندر ملنے والی خدمات سے، علیحدہ ہوتی ہے۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ کی بیرونی خدمات پر کوئی اثر پڑ رہا ہے تو آپ سے گزارش کی جاتی ہے کہ آپ Medicaid کے دفتر سے، 4098-423-571 پر رابطہ کریں۔ Medicaid کا دفتر ریاستی Medicaid ایجسنسی سے، رجوع کرے گا۔

**کیا میری ذاتی انشورنس پر، کوئی اثر پڑے گا؟**
IEP سے متعلق خدمات کے لیئے، Medicaid آپ کی ذاتی انشورنس کو، بل نہیں کرے گا۔ آپ کو، یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ منظوری کا فارم دستخط کرنے سے، آپ کی ذاتی انشورنس کے فوائد پر کوئی اثر پڑے گا اور نہ ہی آپ اور آپ کے خاندان کو، ملنے والی، Medicaid/FAMIS کی دیگر خدمات اثرانداز ہوں گی۔

**کیا اسکول کی طرف سے، بھیجے جانے والے، بل کا اثر میرے ان سیشنز کی تعداد پر پڑے گا جو ذاتی خدمات کے حوالے سے، منظور کیئے گئے ہیں؟**
اسکول میں ہونے والے، سیشن کی واپس ادائیگی کا اثر ذاتی خدمات کے سیشنز کی تعداد پر نہیں پڑے گا۔

**اگر میرا نجی ادارہ مجھے کسی بھی معاہدہ پر دستخط کرنے سے، منع کر دیتا ہے کیونکہ اس کے مطابق، اگر اسکول واپس ادائیگی کا تقاضہ کرتا ہے تو میری نجی سروسز کی واپس ادائیگی ممکن نہیں ہو گی؟**
اگر آپ کو، اپنے نجی خدماتی ادارے سے، یہ معلومات موصول ہوتی ہیں تو براہ مہربانی ان سے، گزارش کریں کہ وہ وضاحت کے لیئے، Medicaid ایجنسی سے، 8857-371-804 پر رابطہ کریں۔ اسکول سروسز کے لیئے، بل بھیجنے سے، نجی سروسز کی بلنگ پر، کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**کیا اسکول کی طرف سے، بھیجے جانے والے بل کا اثر Medicaid Waiver پروگرام کے تحت ملنے والی، خدمات پر پڑے گا؟**

اسکول بلنگ پروگرام اور Medicaid Waiver پروگرام میں شامل ہونے سے، Medicaid Waiver پروگرام کے تحت ملنے والی خدمات پر، کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**کیا میری Medicaid/FAMIS کی معلومات محفوظ ہیں؟**
ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کی طبی اور صحت سے متعلق معلومات، ذاتی معلومات ہیں۔ آپ کی طبی معلومات کی حفاظت کرنا انتہائی اہم ہے۔ FCPS سخت وفاقی اور ریاستی قوانین پر عمل کرتا ہے، جس کے تحت ہمارے لیئے، آپ کی صحت سے متعلق معلومات کو، خفیہ رکھنا ضروری ہے۔

**Medicaid ایجنسی کے ساتھ، کون کون سی معلومات بانٹی جائیں گی؟**
یہ فنڈنگ حاصل کرنے کے حوالے سے، Medicaid ایجنسی کے ساتھ، صرف درج ذیل معلومات بانٹی جائیں گی: آپ کے بچے کا آخری نام، پہلا نام، تاریخ پیدائش، Medicaid/FAMIS کا آئی ڈی نمبر، خدمات کی تاریخ، فراہم کردہ خدمات، تشخیصی معلومات اور کوئی بھی متعلقہ دستاویز۔

**یہ معلومات کون موصول کرے گا؟**
IEP میں، بیان کردہ Medicaid/FAMIS کی منظورشدہ خدمات کی واپس ادائیگی کی کاروائی کے لیئے، آپ کے بچے کی ان خدمات میں شرکت کی معلومات شامل ڈاکٹروں، دیگر طبی معالجین، طبی ایجنسیوں اور Medicaid ایجنسی کے بلنگ ایجنٹ اور FCPS کے کسی بھی بلنگ ایجنٹ کو، فراہم کی جا سکتی ہیں۔

**میں اپنا معاہدہ کیسے منسوخ کر سکتا ہوں؟**
آپ کو، کسی بھی وقت اپنا معاہدہ منسوخ کر دینے کا حق حاصل ہے۔ معاہدہ منسوخ کرنے کی صورت میں، براہ مہربانی FCPS Medicaid کے دفتر میں، 4098-423-571 پر، رابطہ کر کے معاہدہ منسوخ کر دینے کی درخواست کریں۔

اضافی سوالات یا کوئی تشویش ہونے کی صورت میں، FCPS Medicaid کے دفتر سے، 4098-423-571 پر، رابطہ کریں۔